ادارہ

تعارف وتبصرہ کتب

اشرف الفوائد شرح اردو شرح عقائد ......مؤلف: مولانا مفتی محمد فدا صاحب

ائمہ مجتہدین میں ہمارے امام اعظم امام ابو حنیفہؒ کا نام نامی اور اسم گرامی کسی تعریف یا تعارف کے محتاج نہیں۔انہوں نے اہل السنہ والجماعۃ (فرقہ ناجیہ) کے عقائد پرایک جامع ومانع اور وقیع کتاب الفقہ الاکبر کے نام سے تصنیف فرمائی جس میں انہوں نے فرقِ باطلہ کی مدلل تردید فرمائی جس کی کئی شروح علماء محققین نے تحریر فرمائی ہیں پھر علماء احناف میں امام طحاویؒ نے العقیدۃ الطحاویہ کے نام ایک معرکۃ الآراء کتاب تصنیف کی جس میں انہوں نے امام اعظم ابو حنیفہؒ اور ان کے ارشد ترین تلامذہ امام قاضی ابو یوسفؒ اور امام محمد بن الحسن الشیبانیؒ (صاحبین) کے عقائد کی روشنی میں اسلامی عقائد کو بیان کیا ہے پھر ۵۰۰ھ میں علماء احناف کے جلیل القدر عالم اور محقق نجم الدین ابو جعفر بن محمد نسفی نے مایہ ناز کتاب تصنیف فرمائی۔ جو عقائد نسفی کے نام سے موسوم ہے' متعدد علماء کرام نے اس کی کئی شروح اور حواشی لکھے مگر ان میں سب سے عمدہ شرح علامہ سعد الدین تفتازانی کی ہے جو شرح عقائد کے نام سے مشہور ہے۔اپنی علمی متانت وثقاہت کے حوالے سے یہ شہرہ آفاق کتاب درس نظامی میں داخل ہے اور سالہا سال سے مدارس ومعاہد دینیہ میں اس کی تدریس جاری ہے اور دنیا کے لاکھوں طلباء کرام اس سے مستفید اور مستفیض ہو رہے ہیں۔اپنے عمیق متن کیطرح اس شرح کی بھی شروحات کا سلسلہ جاری ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح رواں دواں رہیگا۔عربی زبان میں اس کی بہترین شرح نبراس ہے علاوہ ازیں اردو زبان میں بھی اس کی کئی توضیحات منصۂ شہود پر آئی ہیں۔زیر تبصرہ شرح جو کہ اشرف الفوائد کے عنوان سے معنون ہے یہ بھی اسی سلسلۃ الذھب کی ایک زریں کڑی ہے جس کو ہمارے دارالعلوم حقانیہ کے اجل فاضل لائق وفائق مدرس اور علم وعمل کے حوالے سے قابل صد آفریں نوجوان استاذ مولانا مفتی فدا محمد صاحب زید مجدہ نے تصنیف کیا ہے اور ماشاء اللہ انہوں نے متن وشرح کی توضیح وتفصیل کا حق ادا کیا ہے۔اسلوب نگارش اور انداز بیاں بھی ایسا دلنشین سہل اور آسان ہے کہ ہر طالب اس سے بآسانی استفادہ کرسکتا ہے اور اہل السنۃ والجماعۃ اور فرقہ ضالہ معتزلہ کے درمیان جو ادق ترین اور صعب ترین اختلافی مسائل ہیں۔وہ مسائل آپ نے لاجواب انداز میں حل کیے ہیں۔دور حاضر کی جملہ اردو شروح میں یہ ایک بے مثال شرح ہے۔مصنف کی قابلیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ انتہائی قلیل مدت ہی آپ کی کئی وقیع کتابیں منظر عام پر آئی ہیں اور علمی حلقوں سے کافی پذیرائی حاصل کر چکی ہیں۔ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محترم مفتی صاحب زید مجدہ کو مزید توفیق سے نوازے تا